Package-C

# Learn English Non-formal Way

## Teachers' Guide

Directorate of Curriculum and Teacher Education
Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad

**Package-C**

# Learn English Non-formal Way

## Teachers' Guide

Directorate of Curriculum and Teacher Education
Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

**All rights are reserved with the Directorate of Curriculum and Teacher Education, Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad. However, the content can be used for learning purposes with the prior permission of this Directorate.**

Notification no. 2933-36/CTR/DCTE Dated: 28.09.2023

This learning material has been developed to cater to the academic needs of out-of-school children in light of the Alternative Learning Pathways Ways (ALP) Curriculum 2020 approved by this Directorate.

**Compiled and Reviewed by:**

Mr. Sharaf Uddin, Subject Specialist Material Development DCTE Abbottabad
Ms. Sughra Mehboob Subject Specialist in English GGHSS No.2 Mansehra
Mr Faizan Ayub Hashmi Subject Specialist GHSS No.3 Abbottabad
Mr. Shehzada Waqar, SST GHSS No.1 Mansehra
Muhammad Abdul Basit, Subject Specialist in English GHSS Sherpur Mansehra
Mr. Inamullah Khan (Desk Officer) DCTE Abbottabad

**Supervision:**

**Gohar Ali Khan**
Director Curriculum and Teacher Education (DCTE) Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad

**Focal Person:**

**Syed Amjad Ali**
Additional Director (C&TR) DCTE Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad

**Technical Support and Facilitation:**

Ms. Gulnaz Jabeen Education Officer UNICEF Khyber Pakhtunkhwa
Muhammad Younas Curriculum and Material Development Specialist JICA (AQAL)
Muhammad Asif Kasi Provincial co-ordinator JICA (AQAL) Khyber Pakhtunkhwa
Mr. Atif Quddus Programme Manager PIU Khyber Pakhtunkhwa

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

# Preface

Pakistan is facing a severe challenge to ensure all children, particularly the most underprivileged, attend, stay, and learn in school. While enrolment and retention rates are improving, progress has needed to be faster. Pakistan has the world's second-highest number of out-of-school children (OOSC), with an estimated 22.8 million children aged 5-16, while in Khyber Pakhtunkhwa, around 2.5 million children are out of school.

Despite the Khyber Pakhtunkhwa government's commitment to bring these out-of-school children to schools, a dire need is felt to discover alternative learning pathways, and the purpose could serve more effectively by adopting the non-formal approach towards learning.

The content of this book is exclusively developed to cater to the academic needs of students who lag in the course of learning. It allows them to learn at their own pace and rejoin formal schooling. Activities are interactive and functional addressing the diverse needs of out-of-school children, teaching them in a non-formal way. Considering the educational gap during the absence of learners in formal schooling, English language learning skills are taught in a practical way involving learners in dialogues and role play. Most grammatical concepts are text-based instead of explaining the grammar rules in isolation. Reading text is relatively short in length, including simple vocabulary.

The experts from the Directorate of Curriculum and Teacher's Education (DCTE) and Elementary and Secondary Education Department Khyber Pakhtunkhwa developed and reviewed this book in the light of Alternate Learning Pathways' (ALP) English Curriculum 2020 for primary grades, covering almost all the key concepts enlisted in the formal Curriculum.

**Director**
Directorate of Curriculum & Teachers' Educations,
Khayber Pakhtunkhwa, Abbottabad.

# Table of Contents


| Serial No. | Lessons | Page No. |
| --- | --- | --- |
| 1 | Patience | 01 |
| 2 | Importance of Education | 06 |
| 3 | Fun at the Stream | 11 |
| 4 | Thank you, Lord | 15 |
| 5 | People around the World | 19 |
| 6 | Eid-Ul-Adha | 24 |
| 7 | Our Environment | 29 |
| 8 | Whole Duty of Children | 32 |
| 9 | Woman as Role Models | 36 |
| 10 | A Fit and Healthy Life | 40 |
| 11 | Family | 44 |
| 12 | The Story of a Pencil | 48 |

# Lesson 1 — Patience

## Student Learning Outcomes (SLOs)

- Pronounce and practice more words with silent letters such as "t' in switch, and 'g 'sound in 'high'.
- Articulate and practice words containing digraphs, tri-graphs, and silent letters.
- Classify into different categories, and use more naming, action, and describing words, from pictures, signboards, advertisements, labels, etc. in their immediate and extended environment.
- Write multi-syllable words with correct spelling.

**Theme:**

Role Model

**Sub-Theme:**

Incidents from the life of Holy Rasool Muhammad (خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَسَلَّم)

## Material Required

Textbook, a chart showing various good qualities including patience, words chart for teaching spellings, Oxford Junior Dictionary, and markers.

## Teaching Strategies

Group and pair work

گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

**Introduction:**

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ ان سے موسم اور صحت کا حال دریافت کریں۔
- طلبہ کی سابقہ واقفیت جاننے کے لیے چند آسان سوالات کریں۔

مثلاً: What is your favourite quality and why? Name a few good qualities.

What do you dislike the most and why?

اب سبق کی تیاری کے لئے درسی کتاب میں موجود Pre -reading کا سوال پوچھیں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم 'صبر' کی خوبی کے بارے میں پڑھیں گے۔

**Development (Activities):**

- با آواز بلند نمونے کی پڑھائی کریں۔ رفتار درمیانی رکھیں۔ تلفظ اور لہجے کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ متن غور سے سُنیں اور پڑھے جانے والے متن پر اُنگلی رکھتے جائیں۔

- ٹیچر اگر ضرورت محسوس کرے تو متن کو کوئی بار دُہرائے۔
- دورانِ سبق مختصر تفہیمی سوالات بھی پوچھتے جائیں۔ مثلاً

Who showed patience towards his enemies?

Why did Rasulullah (ﷺ) not curse the people of Taif?

- اب طلبہ کے گروپ بنائیں اور ہر گروپ میں ایک ایسا گروپ لیڈر مقرر کریں جو پڑھائی میں قدرے بہتر ہو۔
- ہر گروپ لیڈر اپنے گروپ میں دیے گئے متن کے نمونے کی پڑھائی کرے۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔
- چونکہ اکثر بچے کمزور ہوتے ہیں اس لیے ہر بچے کو گروپوں میں پڑھائی کا موقع دیں۔
- آخر میں مشکل الفاظ کی وضاحت کریں۔ ڈکشنری سے مدد لے سکتے ہیں۔

## Comprehension

- طلبہ اپنے گروپوں میں کام کرتے رہیں۔
- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔ بچوں کے جوابات تختۂ تحریر پر لکھیں۔
- بچوں کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں اور کئی بچوں سے جوابات پوچھیں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب متن میں براہِ راست نہیں مل سکتا۔ بلکہ متن پر غور کرنے سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔
- یہی طریقہ Multiple Choice Questions (MCQs) کی مشق کے لیے اپنائیں۔

## Oral Communication

**Silent Letters:**

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **silent letters** کا اعادہ کرائیں۔
- ان کو بتائیں کہ **silent letter** ایک ایسا letter ہے جو کسی لفظ میں لکھا تو جاتا ہے لیکن بولا نہیں جاتا۔

جیسے climb میں "b"، Write میں "w" اور knock میں "k" silent ہے ۔

- طلبہ کو وضاحت کریں کہ 'b'، silent letter کے طور پر کام کر سکتا ہے جب یہ 't' سے پہلے آتا ہے یا اگر یہ 'm' کے بعد آتا ہے۔ جیسے 'comb'،' 'bomb'،'debt'،اور'doubt'۔، تاہم چند لفظ جیسے 'obtain اس قاعدے کی پابندی نہیں کرتے۔

- Silent E انگریزی میں ایک اہم مقصد کو پورا کرتا ہے۔ جب Silent E کسی لفظ کے آخر میں ہوتا ہے تو اس سے پہلے والا vowel حرف، long sound دیتا ہے، جیسا کہ الفاظ 'cake'، 'hike' اور 'bike '۔
- طلبہ کو بتائیں کہ درسی کتاب میں موجود silent letters کی نشان دہی سرخ رنگ سے کی گئی ہے۔
- طلبہ کو consonant digraphs اور trigraphs کا اعادہ کرائیں۔ ایک ڈائیگراف دو حروف سے بنا ہوتا ہے جو ایک ساتھ مل کر ایک منفرد (الگ) آواز بناتے ہیں۔ جب کہ trigraphs تین حروف سے بنا ہوتا ہے جو ایک ساتھ مل کر ایک منفرد (الگ) آواز بناتے ہیں۔

ڈائیگراف کی مثالیں: phone میں 'ph'، chin میں 'ch' اور think میں 'th'

ٹرائیگراف کی مثالیں: scedule میں 'sch، bridge میں 'dge' اور high میں 'igh

- طلبہ سے کہیں کہ درسی کتاب میں دیے گئے digraphs اور trigraphs سے الفاظ بنائیں۔
- اسی طرح طلبہ سے کہیں کہ ایسے پانچ الفاظ بتائیں جن میں Silent Letters موجود ہوں۔
- آخر میں طلبہ کو درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

## Grammar

**Naming, Action, and Describing Words**

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **Naming, Action and Describing words** کا اعادہ کرائیں۔
- جماعت میں موجود اشیاء کے نام لے کر Naming Words کا تصور سمجھانے کی کوشش کریں ۔
- اسی طرح طلبہ سے لکھنے، پڑھنے، کھیلنے اور چلنے وغیرہ کا کہہ کر ان کو Action Words کا تصور سمجھائیں۔
- اب ایک ٹوکری میں مختلف رنگوں، جسامت، اشکال، اور میٹریل کی اشیاء (کھلونے) ڈال کر جماعت کو دکھائیں۔

- اب طلبہ سے کہیں کہ وہ باری باری اپنا پسندیدہ کھلونا (شے) اُٹھائیں اور Describing Words کی مدد سے اُس کھلونے بارے چند جملے بولیں۔
- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

**Writing**

- ٹیچر پڑھائے گئے متن میں سے چند الفاظ منتخب کر کے الگ الگ چارٹ پر لکھے۔
- باری باری الفاظ کر چارٹ طلبہ ایک منٹ کے لیے طلبہ کو دکھائیں اور پھر ہٹا کر الفاظ کے ہجے کروائیں۔
- یہ مشق اس وقت تک جاری رکھیں جب تک منتخب الفاظ کے درست ہجے طلبہ سیکھ نہ جائیں۔
- آخر میں طلبہ سے کہیں کہ درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کے الفاظ میں missing letters لکھیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

**Assessment**

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- الفاظ پُکار کر طلبہ سے digraphs اور trigraphs کی شناخت کروائیں۔

**Home Work**

- طلبہ سے کہیں کہ اپنے گھر میں موجود اشیاء کا غور سے مشاہدہ کریں اور naming words اور ان سے متعلق describing words کی فہرست تیار کریں۔

| Glossary | | | |
|---|---|---|---|
| **New Words** | **Meanings** | **New Words** | **Meanings** |
| misbehave | بدسلوکی کرنا | throughout | تمام |
| patience | صبر | permission | اجازت |
| utmost | انتہائی حدتک / نُمایاں | tend | دیکھ بھال کرنا |
| pelt | پتھر پھینکنا | hunger | بھوک |
| oneness | واحدانیت | mob | مشتعل ہجوم |
| tolerance | برداشت | entire | مکمل |
| mankind | بنی نوع انسان | welfare | فلاح و بہبود |

نوٹ: یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دلائیں۔

| Lesson 2 | Importance of Education |
|---|---|
| 🕮 | **Student Learning Outcomes (SLOs)** |

- Pronounce and practice long and short vowels and diphthongs as they occur in practice items and sentences in reading lessons and in speech.
- Recognize specific parts of words including common inflectional endings, compound words, and affixes.
- Create a short poem using the suggested rhyming words.
- Write a guided paragraph using ideas gathered and organized through various strategies.

**Theme:**

Education and Employment

**Sub-Theme:**

Respecting School Rules

**Material Required**

**Textbook and Markers.**

**Teaching Strategies**

Group and pair work

گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

**Introduction:**

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ ان سے موسم اور صحت کا حال دریافت کریں۔
- طلبہ کی سابقہ واقفیت جاننے کے لیے چند آسان سوالات کریں۔

مثلاً : دی گئی تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟ تصویر میں کونسی عمارت دی گئی ہے؟ لڑکیاں اور لڑکے وہاں کیا کر رہے ہیں؟ تعلیم حاصل کرنے کے کیا فائدے ہیں؟

- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم 'تعلیم کی اہمیت' کے بارے میں پڑھیں گے۔

**Development (Activities):**

- با آواز بلند نمونے کی پڑھائی کریں۔ رفتار درمیانی رکھیں۔ تلفظ اور لہجے کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ متن غور سے سُنیں اور پڑھے جانے والے متن پر اُنگلی رکھتے جائیں۔
- ٹیچر اگر ضرورت محسوس کرے تو متن کو کئی بار دُہرائے۔

- دوران سبق مختصر تفہیمی سوالات بھی پوچھتے جائیں۔ مثلاً :

Who founded the school in the village?
Why parents did not send their children to school?
Were the children willing to school? Why?

- اب طلبہ کے گروپ بنائیں اور ہر گروپ میں ایک ایسا گروپ لیڈر مقرر کریں جو پڑھائی میں قدرے بہتر ہو۔
- ہر گروپ لیڈر اپنے گروپ میں دیے گئے متن کے نمونے کی پڑھائی کرے۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔
- چونکہ اکثر بچے کمزور ہوتے ہیں اس لیے ہر بچے کو گروپوں میں پڑھائی کا موقع دیں۔
- آخر میں مشکل الفاظ کی وضاحت کریں۔ لغت سے مدد لے سکتے ہیں۔

## Comprehension

- طلبہ اپنے گروپوں میں کام کرتے رہیں۔
- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔ بچوں کے جوابات تختۂ تحریر پر لکھیں۔
- بچوں کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں اور کئی بچوں سے جوابات پوچھیں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب متن میں براہ راست نہیں مل سکتا۔ بلکہ متن پر غور کرنے سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔
- طلبہ کو Inflectional Ending کے تصور کی وضاحت کریں۔ طلباء کو بتائیں کہ Inflectional Ending لفظ کا وہ اضافہ ہے جو کسی بنیادی لفظ کے آخر میں کیا جاتا ہے اور بنیادی لفظ کے معنی ( number یا tense ) کو تبدیل کرتا ہے۔ مثلاً : -s, -es, -ing, -ed

**Inflectional endings are a group of letters that change the meaning of the word.**
**They include words with -ing, -ed, -es/s, and -est at the end.**
**For example: -'s' as in cats and '-ing' as in swimming**

- طلبہ سے کہیں کہ وہ متن میں موجود inflectional ending والے الفاظ کی نشان دہی کریں۔
- طلبہ کو وضاحت کریں کہ compound words کیا ہوتے ہیں؟

- طلبہ سے کہیں کہ وہ کتاب میں دی گئی تصویر کو دیکھ کر اس کا نام بتائیں۔
- اب انھیں کہیں کہ وہ ان تصاویر کے نام جوڑ کر نیا لفظ بنانے کی کوشش کریں۔
- آخر میں compound words کی مشق کرائیں۔

**Oral Communication**

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **Long and Short Vowel Sounds** کا اعادہ کرائیں۔
- طلبہ کو وضاحت کریں کہ ایک long vowel اپنے letter کے نام کی طرح sound دیتا ہے۔مثال کے طور پر، 'Long A' حرف A کی طرح sound دیتا ہے۔ 'Long E' حرف E کی طرح sound دیتا ہے۔مثلاً: cake اور sheep
- طلبہ کو وضاحت کریں short vowels لمبی آواز نہیں دیتے ہیں۔بلکہ وہ ایک مختصر سی کی آواز دیتے ہیں۔ مثلاً: cat اور bed
- اسی طرح مثالوں کے ساتھ طلبہ کو diphthongs کے تصور کی وضاحت کریں۔

A diphthong is a vowel in which the speaker's tongue changes position while it is being pronounced so that the vowel sounds like a combination of two other vowels. The vowel sound in ' tail' is a diphthong.

- اب طلبہ کو rhyming words کے تصور کی وضاحت کریں۔ rhyming words دو یا دو سے زیادہ الفاظ ہیں جن کی ending sound ایک جیسی ہوتی ہے۔ مثلاً : goat, boat, moat, float
- آخر میں طلبہ کو درسی کتاب میں دی گئی سرگرمیوں کے کرانے میں رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

**Grammar**

**Pronouns:** (Subject, Object, and Possessive Pronoun)

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے Pronoun کے concept کا اعادہ کرائیں۔
- درسی کتاب میں دیے گئے Subject, Object and Possessive Pronoun کے تصور کی وضاحت کریں اور مثالیں دیں ۔

- طلبہ کو درسی کتاب میں دی گئی سرگرمیوں کے کرانے میں رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

## Writing

- طلبہ کو بتائیں کہ mind-map کیا ہوتا ہے؟
- تختہ تحریر پر درسی کتاب میں دیا گیا موضوع 'Save Me' لکھیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کریں اور خاموشی سے ایک یادومنٹ کے لئے اس کے بارے میں سوچیں۔
- اب کہیں کہ وہ اپنے خیالات ایک سادہ کاغذ پر نوٹ کرتے جائیں۔ اگر وہ انگریزی میں ایک لفظ نہیں جانتے ہیں تو، وہ اس مرحلے پر اسے اُردو میں بھی لکھ سکتے ہیں۔
- ٹیچر اس دوران خاموشی سے نگرانی کرے کیوں کہ زیادہ مداخلت تخلیقی بہاؤ کو روکتی ہے۔
- اب انھیں کہیں کہ گروپوں میں کام کرتے ہوئے، وہ اپنے خیالات کا موازنہ اور تبادلہ خیال کریں اور اپنے mind-map میں اضافہ کرتے جائیں۔ جیسے جیسے طلبہ اپنے ذہن کے نقشے میں اضافہ کرتے ہیں mind-map کو اچھی طرح سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔
- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

## Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- الفاظ پکار کر طلبہ سے long اور short vowels کی شناخت کروائیں۔

## Home Work

- طلبہ سے کہیں کہ وہ گھر سے Subject, Object and Possessive Pronoun کا استعمال کرکے تین تین جملے لکھ کر لائیں۔

## Glossary

| New Words | Meanings | New Words | Meanings |
|---|---|---|---|
| chores | گھریلو کام کاج | spread | عام |
| farms | کھیت | established | قائم کیا |
| founded | بنیاد رکھی | living standards | معیار زندگی |
| profession | پیشہ | responsibilities | ذمہ داریاں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| prosper | خوشحال ہونا | by leaps and bounds | دن دوگنی رات چوگنی |
| revealed | نازل فرمایا | poverty | غُربت |
| set up | قائم کیا | levelled | ہموار کیا |
| willing | رضامندی | attract | متوجہ کرنا |

نوٹ: یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

| Lesson 3 | Fun at the Stream |
| --- | --- |

**Student Learning Outcomes (SLOs)**

- Pronounce and practice with reasonable accuracy, common three-consonant clusters in initial and final positions.
- Apply punctuation rules to assist in developing accuracy and fluency through reading aloud.
- Make anagrams from simple one/two syllable words.
- Classify items (e.g., vocabulary) required for a given task/topic.

**Theme**

**Environmental Education**

**Sub-Theme:**

**Appreciating natural environment** / Understanding and appreciating Natural Environment

**Material Required**

Dictionaries, Punctuation Marks Chart, Markers, Charts

**Teaching Strategies**

Pair and Group Work, Silent Reading

**Introduction:**

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ ان سے موسم اور صحت کا حال دریافت کریں۔
- طلبہ کی سابقہ واقفیت جاننے کے لیے درج ذیل سوالات پوچھیں۔

مثلاً : دی گئی تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟

ان سے پوچھیں کہ سبق کا عنوان دیکھ کر اندازہ لگائیں کہ سبق کس چیز کے بارے میں ہے۔

طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم 'ندی کے کنارے تفریح' کے بارے میں پڑھیں گے۔

**Reading (Activities):**

- باآواز بلند نمونے کی پڑھائی کریں۔ رفتار درمیانی رکھیں۔ تلفظ اور لہجے کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ متن غور سے سُنیں اور پڑھے جانے والے متن پر اُنگلی پھیرتے جائیں۔

- ٹیچر اگر ضرورت محسوس کرے تو متن کو کئی بار دُہرائے۔
- پڑھائی میں کمزور طلبہ کو زیادہ سے زیادہ پڑھنے کا موقع دیں۔
- اب طلبہ کو تمام سبق خاموشی سے مطالعہ کرنے کا کہیں۔
- طلبہ کی تفہیم جانچنے کے لیے دیے گئے سوالات پوچھیں۔

What did Asad decide to do?

Which food was shared by the boys?

- طلبہ کو punctuation marks چارٹ دکھائیں اور punctuation marks کے نام پوچھیں۔
- اب طلبہ کو punctuation marks کا مختصر استعمال سمجھانے کی کوشش کریں۔

**Punctuation** is the name for marks used in writing. They are to help understand and correct reading. Some common punctuation marks used in English are:

| | |
|---|---|
| . a period or full stop | , a comma |
| ? a question mark or query | ! an exclamation mark |
| ' an apostrophe | " a quotation mark |
| : a colon | ; a semicolon |

- مثالوں کے ساتھ طلبہ کو punctuation کے تصور کی وضاحت کریں۔ انہیں بتائیں کہ وہ درسی کتاب میں دی گئی عبارت کو پڑھیں اور punctuation کے استعمال کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

**Oral Communication Skills:**

- ٹیچر درسی کتاب میں دیے گئے الفاظ با آواز بلند پڑھے اور طلبہ سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کی ابتدائی اور آخری آوازوں پر غور کریں۔
- ٹیچر اگر ضرورت محسوس کرے تو ان الفاظ کو کئی بار دُہرائے۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کو آپ کے ساتھ دُہرائیں۔

- طلبہ کو وضاحت کریں اور انہیں بتائیں کہ کسی انگلش لفظ کے ایسے دو یا تین (ابتدائی یا آخری consonants letters (جن کو ملا کر تیزی سے پڑھا جاتا ہے consonant cluster کہلاتے ہیں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

## Grammar

- طلباء کو مثالوں کے ساتھ anagram کے تصور کی وضاحت کریں۔

anagram ایسا لفظ ہوتا ہے جسے آپ کسی دوسرے لفظ کے حروف کو دوبارہ ترتیب دے کر بناتے ہیں۔ واحد قاعدہ یہ ہے کہ اصل لفظ کے تمام حروف کو نئے لفظ کے لئے استعمال کیا جائے۔ جیسے **cat** سے **act** اور **are** سے **ear** وغیرہ۔

- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں
- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

## Writing

- طلبہ کو کہیں کہ اپنے pouch یا pencil box میں رکھی ہوئی اشیاء (items) کے باری باری نام بتائیں۔
- اب طلبہ سے پوچھیں کہ یہ تمام اشیاء (items) کس لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ کھانے کے لیے / سواری کے لیے / لکھنے کے لیے
- مزید پوچھیں کہ کیا آپ ان اشیاء (items) کس لیے کوئی Naming word بتاسکتے ہیں۔ مثلاً stationery / vehicle
- آخر میں طلبہ کو بتائیں کہ ایک ہی مقصد کے لیے استعمال کی جانے والی اشیاء (items) کو اکھٹا کر کے ایک گروپ بنا کر ترتیب دینے کو classification کہا جاتا ہے۔

- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

**Assessment**

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- الفاظ لکھ کر طلبہ سے ان کے anagram پوچھیں ۔

**Home Work**

- طلبہ سے کہیں کہ وہ اوقاف کے اصول پر عمل کرتے ہوئے گھر سے 'میرا شہر' پر ایک پیراگراف لکھ کر لائیں۔

**Glossary**

| New Words | Meanings | New Words | Meanings |
|---|---|---|---|
| excited | پُرجوش | sore throat | گلہ خراب ہونا |
| narrow | تنگ | confused | کشمکش |
| roaming | گھومنا | split | بانٹنا |
| situated | واقع تھا | sparkling | چمک دار |
| stroll | سیر کرنا | splashed | تیرنا |
| thrilling | پُرلطف | exclaimed | حیرانی کا اظہار کی |

| Lesson 4 | Thank You, Lord |
|---|---|

| 🕮 | Student Learning Outcomes (SLOs) |
|---|---|

- Pronounce short vowel sounds /i/as in bit, /o/as in cot, /u/as in sun.
- Recognize and understand that: In a paragraph, sentences join to make sense in relation to each other through transitional devices.
- Locate, identify, differentiate between, and use some simple pairs of words including homophones.
- Write the central idea of a given poem in simple language.

**Theme:**

**Life Skills**

**Sub-Theme:**

**Being Grateful**

**Material Required**

**Textbook, Chart, Oxford Junior Dictionary and Markers**

**Teaching Strategies**

| Group and Pair Work | گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا |
|---|---|

**Introduction:**

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ اللہ تعالی کا شکر ادا کرائیں جس نے ہمیں اچھی صحت اور ڈھیر ساری نعمتوں سے نوازا۔
- طلبہ کی سابقہ واقفیت جاننے کے لیے چند آسان سوالات کریں۔
مثلاً : کیا آپ نے کبھی کوئی نظم پڑھی ہے؟ آپ کو کون سی نظم سب سے زیادہ پسند ہے؟ پھر طلبہ سے کہیں کہ عنوان پڑھیں اور بتائیں کہ نظم کس چیز کے بارے میں ہو سکتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم نظم ' مالک تیرا شکر ہے' کے بارے میں مطالعہ کریں گے۔

**Development (Activities):**

- با آواز بلند نظم کو گنگنائیں۔ سُر اور تال کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نظم کو غور سے سُنیں اور ہم قافیہ الفاظ یاد رکھنے کی کوشش کریں۔
- ٹیچر نظم کے اشعار کئی بار دہرائے تا کہ طلبہ سُر اور تال سے لطف اندوز ہو سکیں۔

- جسمانی حرکات و سکنات کے ذریعے اشعار کا مفہوم سمجھانے کی کوشش کریں۔
- آخر میں مختصر تفہیمی سوالات پوچھیں۔

مثلاً :

How do you start your day?
How should we praise the Lord?

- کسی رضاکار طالب علم کو نظم سُنانے کی دعوت دیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ رضاکار طالب علم کے پیچھے نظم کو اشعار دُہراتے جائیں۔
- آخر میں سب طلبہ نظم کو آواز ملا کر اکٹھے (Chorus) گُنگنائیں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔
- آخر میں طلبہ سے نظم کا مرکزی خیال اخذ کرانے کو شش کریں۔

## Comprehension

- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔ بچوں کے جوابات تختۂ تحریر پر لکھیں۔
- بچوں کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں اور کئی بچوں سے جوابات پوچھیں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب متن میں براہ راست نہیں مل سکتا۔ بلکہ متن پر غور کرنے سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔
- طلبہ کو Transitional Devices کے تصور کی وضاحت کریں۔ طلباء کو بتائیں کہ Transitional Devices ایسے الفاظ ہیں جو ایک خیال (thought) کو ایک جملے سے دوسرے جملے، یا ایک پیراگراف سے دوسرے پیراگراف تک لے جانے میں مدد کرتے ہیں۔

- I have my lunch **but** could not clean the table.

  **First**, I polished my shoes **then** pressed the clothes.

## Oral Communication

**Short Vowel Sound**

- طلبہ کو بتائیں کہ short vowel sound کا اعادہ کرائیں۔

- طلبہ کو rhyming words کے تصور کی وضاحت کریں۔ rhyming words دو یا دو سے زیادہ الفاظ ہیں جن کی آخری آواز ending sound ایک جیسی ہوتی ہے۔ مثلاً: goat اور boat , moat اور float
- آخر میں طلبہ کو درسی کتاب میں دی گئی سرگرمیوں کے کرانے میں رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

## Grammar

**Homophone**

- درسی کتاب میں دیے گئے homophone کے تصور کی وضاحت کریں اور مثالیں دیں. ۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہوموفون دو یا دو سے زیادہ الفاظ ہیں جن کا تلفظ ایک ہی ہوتا ہے، لیکن ان کے ہجے یا معنی مختلف ہوتے ہیں۔
- مثلاً: meat اور meet ، sun اور son
- طلبہ کو درسی کتاب میں دی گئی سرگرمیوں کے کرانے میں رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

## Writing

- طلبہ کو بتائیں کہ کسی نظم کا central idea کیا ہوتا ہے؟ طلبا کی concept اچھی طرح سمجھنے میں مدد کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ central idea وہ concept ہوتا ہے جس کے بارے میں نظم میں زیادہ تر بات کی جاتی ہے۔ central idea ہمیں بڑی تصویر تک لے جاتا ہے اور یہ عام طور پر ایک جملے میں ہوتا ہے۔ اس کے لیے نظم کو آہستہ آہستہ سے پڑھیں۔ اگر ممکن ہو تو بلند آواز سے پڑھیں۔ یاد رکھیں، central idea ایک جملہ ہوگا جو تمام چھوٹی تفصیلات کو جوڑتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ درسی کتاب میں دی گئی نظم کا central idea لکھیں اور ان کی رہنمائی کریں۔

## Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- الفاظ پکار کر طلبہ سے homophone اور short vowels کے بارے میں پوچھیں اور ان concepts کی شناخت کروائیں۔

**Home Work**

- طلبہ سے کہیں کہ وہ Transitional Devices کا استعمال کرتے ہوئے گھر سے تین تین جملے لکھ کر لائیں۔

**Glossary**

| New Words | Meanings | New Words | Meanings |
|---|---|---|---|
| bow | جھکنا | lead | رہ نمائی |
| pray | دُعا | hold | حوالہ کرنا |
| praise | حمد و ثنا | commands | احکام |
| hide | چھُپنا | crawl | رینگنا |
| fear | خوف | sight | نظر |
| revealed | نازل فرمایا | poverty | غُربت |
| set up | قائم کیا | levelled | ہموار کیا |
| willing | رضامندی | attract | متوجہ کرنا |

نوٹ: یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کو الفاظ کے معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

| Lesson 5 | People Around the World |
|---|---|

## Student Learning Outcomes (SLOs)

- Recognize and practice that ‘ed’ has three sounds i.e. /d/, /t/, /id/ through context.
- Use some common similes in speech and writing using “like” and “as _ as” .e.g, as black as coal.
- Write an expository paragraph explaining a process or procedure.

## Theme

**Self, People, Places and Globe**

## Sub-Theme:

**My World**

## Material Required

Dictionaries, Markers, Charts

## Teaching Strategies

Pair and Group Work, Silent Reading

## Introduction:

- طلبہ کی سابقہ واقفیت جاننے کے لیے درج ذیل سوالات پوچھیں۔

آپ کہاں رہتے ہیں؟ آپ کے ملک کا نام کیا ہے؟ کیا آپ کسی دوسرے ملک کے شخص کو جانتے ہیں؟ کیا آپ کا کوئی رشتہ دار دوسرے ملک میں کام کرتا ہے؟

- درسی کتاب میں دیا گیا Pre-reading کا سوال پوچھ کر سبق کا آغاز کریں۔

## Development (Activities):

- پہلا introduction نمونے کے طور پر خود پڑھیں اور چند دوسرے طلبہ سے پڑھوائیں۔
- پڑھائی میں کمزور طلبہ کو زیادہ سے زیادہ پڑھنے کا موقع دیں۔
- اب طلبہ کو تمام سبق خاموشی سے مطالعہ کرنے کا کہیں۔
- طلبہ کی تفہیم جانچنے کے لیے دیے گئے سوالات پوچھیں۔

What does Abdullah do?

Who studies American English?

Where does Ababa belong to?

**Oral Communication Skills:**

**Sounds of ‘ed’**

- گزشتہ جماعت میں پڑھائے گئے Consonant and Vowel sounds کا اعادہ کرائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنے گلے vocal chord پر ہاتھ رکھ کر شہد کی مکھی کی آواز نکالیں جیسے Zzzzzzzzzzz
- اب انھیں کہیں کہ وہ اپنے گلے vocal chord پر ہاتھ رکھ سانپ کے پھنکارنے کی آواز نکالیں جیسے Sssssssss
- طلبہ سے پوچھیں کہ دونوں آوازیں نکالتے وقت اُنھوں نے اپنے گلے vocal chord میں کیا فرق محسوس کیا۔
- طلبہ کو جوابات سُن کر وضاحت کریں کہ Zzzzzzz کی آواز نکالتے وقت ہمارے گلے کی رگیں vocal chord حرکت کرتی ہیں جب کہ Sssssssss کی آواز نکالتے وقت ایسا نہیں ہوتا۔

| VOICELESS | | VOICED | |
|---|---|---|---|
| /p/ | park | /b/ | bark |
| /t/ | town | /d/ | down |
| /k/ | coat | /g/ | goat |
| /f/ | fan | /v/ | van |
| /s/ | sip | /z/ | zip |
| "sh" | sure | "zh" | treasure |
| "ch" | chain | "j" | Jane |
| "th" | thigh | "th" | thy |

- طلبہ سے کہیں کہ وہ باری باری Consonant حروف ادا کریں اور غور کریں کہ کون کون سے Consonant حروف کی ادائی کے دوران گلے کی رگیں vocal chord حرکت کرتی ہیں اور کب حرکت نہیں کرتی۔
- آخر میں طلبہ کو وضاحت کریں کہ Consonant حروف کو Voiced and Voiceless sounds میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ جن حروف کی ادائی کے دوران گلے کی رگیں vocal chord حرکت کرتی ہیں اُنھیں Voiced consonants

اور جن حروف کی ادائی کے دوران گلے کی رگیں vocal chord حرکت نہیں کرتی اُنھیں Voiceless consonants کہا جاتا ہے۔

- طلبہ سے کہیں کہ وہ باری باری درسی کتاب میں دیے گئے الفاظ بآوازبلند پڑھیں اور غور کریں کہ کون کون سے الفاظ کی ادائی کے دوران گلے کی رگیں vocal chord حرکت کرتی ہیں اور کب حرکت نہیں کرتی۔
- اب درج ذیل اُصول بتائیں کہ اگر کسی لفظ (خاص طور Action word) کے آخر میں Voiced Consonant یا Vowel sound سُنائی دے تو اسے /d/ پڑھا جاتا ہے اور اس کے اُلٹ اگر کسی لفظ (خاص طور Action word) کے آخر میں voiceless Consonant آتا ہے تو اسے /t/ پڑھا جاتا ہے۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

**Grammar**

## Simile

- طلبہ کو کسی کُھلی جگہ لے جائیں اور دوڑ کا مقابلہ کرائیں۔
- سب سے تیز دوڑنے والے طالب علم کیے لیے تالیاں بجا کر حوصلہ افزائی کریں۔ دوسرے اور تیسرے نمبر پر آنے والے طلبہ کو بھی شاباش دیں۔
- اب طلبہ سے سب سے تیز دوڑنے والے کھلاڑی کا نام پوچھیں۔(یوسین بولٹ)
- دُرست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ سے مزید پوچھیں کہ یوسین بولٹ کس قدر تیز دوڑتا ہے۔
- طلبہ مختلف جواب دیں گے۔ مثلاً: بہت تیز، شیر / چیتے / جہاز / بجلی کی طرح۔

- اب انھیں وضاحت کریں کہ بعض اوقات ہم کسی خوبی یا خامی کی بنیاد پر دو مختلف اشیاء کا مقابلہ کراتے ہیں۔ جیسے ہم کہ سکتے ہیں کی یو سین بولٹ چیتے کی طرح تیز دوڑتا ہے۔ راشد شیر کی طرح بہادر ہے۔ دادا جان کے بال برف کی طرح سفید ہیں۔
- آخر میں طلبہ کو تشبیہ (simile) کے تصور کی وضاحت کریں۔

A simile is a figure of speech that compares two unlike things using the words "like" or "as." Common similes include the descriptive phrases "cool as a cucumber," "cold as ice," and "sly like a fox."

- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

## Writing

- طلبہ کو expository paragraph کے بارے میں بتائیں کہ یہ ایک مخصوص موضوع یا خیال کی وضاحت کرتا ہے۔ اس قسم کی تحریر میں مصنف کی رائے یا کوئی کہانی شامل نہیں ہوتی۔ اس کا مقصد قائل کرنا بھی نہیں ہے، اور اس میں مصنف کی رائے غیر جانبدار ہونی چاہیے۔

Expository (or informative) writing explores, shares, explains, or defines a specific subject or idea. This type of writing does not include the writer's opinion or tell a story; its goal is not to persuade, and the writer's voice should be neutral.

- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

## Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- الفاظ لکھ کر طلبہ سے similes پوچھیں ۔

## Home Work

Tell the students to write a paragraph explaining why children should not eat junk food.

طالب علموں کو بتائیں کہ وہ ایک ایکسپوزیٹری پیراگراف لکھیں انھیں 'جنک فوڈ' کیوں نہیں کھانی چاہیے۔

**Glossary**

| New Words | Meanings | New Words | Meanings |
|---|---|---|---|
| businessman | کاروباری شخص | fishing | مچھلی پکڑنا |
| restaurant | ایسا ہوٹل جہاں رات ٹھہرنے کا انتظام ہو | boat | کشتی |
| playing | بجانا | oil fields | تیل کے کنویں |

| Lesson 6 | Eid –ul- Azha |
|---|---|

**Student Learning Outcomes (SLOs)**

- Recognize and use the conventions to demarcate three and four-syllable words.
- Describe a series of events in a picture or illustration.
- Recognize the alphabetical arrangement of words in a glossary or a dictionary.
- Write a guided story using the elements of story writing.

**Theme**

**Festivals and Cultural Events**

**Sub-Theme:**

**Religious and Cultural Festivals in Pakistan**

**Material Required**

Dictionaries, Markers, Charts

**Teaching Strategies**

Pair and Group Work, Silent Reading

**Introduction:**

- طلبہ کی سابقہ واقفیت جاننے کے لیے درج ذیل سوالات پوچھیں۔

ٹیچر طلباء سے ان کی زندگی کے اہم دنوں کے بارے میں پوچھے۔ وہ ان تہواروں کے بارے میں بھی پوچھے جو وہ مناتے ہیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ وہ تصویر میں کیا دیکھ رہے ہیں۔

- درسی کتاب میں دیا گیا سوال پوچھ کر سبق کا آغاز کریں۔

**Development (Activities):**

- پہلا introduction نمونے کے طور پر خود پڑھیں اور چند دوسرے طلبہ سے پڑھوائیں۔
- پڑھائی میں کمزور طلبہ کو زیادہ سے زیادہ پڑھنے کا موقع دیں۔
- اب طلبہ کو تمام سبق خاموشی سے مطالعہ کرنے کا کہیں۔
- طلبہ کی تفہیم جانچنے کے لیے دیے گئے سوالات پوچھیں۔

What was offered to be slaughtered by the Prophet Hazrat Ibrahim?
What happened when the Prophet Hazrat Ibrahim try to sacrifice his son?

**Oral Communication Skills:**

## Syllables

A syllable is a part of a word that contains a single vowel sound and is pronounced as a unit.

- syllable لفظ کا ایک حصہ ہے جس میں ایک ہی **vowel** آواز ہوتی ہے اور اسے اکائی کے طور پر ادا کیا جاتا ہے۔

ایک syllable ایک سے زیادہ حروف سے بنا ہوتا ہے جس میں ایک **vowel** کی آواز ہوتی ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہر syllable ایک **vowel** پر مشتمل ہے، لیکن جب تلفظ کیا جائے گا تو اس میں ایک واول **sound** بھی لازمی شامل ہوگی۔ مثال کے طور پر لفظ، "rhythm"، جس میں دو syllables ہوتے ہیں، اس میں کوئی **vowel** نہیں ہوتا ہے، لیکن اسے دو **sounds vowel** کے ساتھ کہا جاتا ہے۔

- طلبہ سے کہیں کہ کوئی بھی لفظ کہیں اور اپنا ہاتھ ٹھوڑی کے نیچے رکھیں اور پھر اپنے جبڑے کے گرنے کی تعداد گنیں یہ تعداد کسی لفظ میں موجود syllables ہیں! اگر طلبہ کو اس سے پریشانی ہو رہی ہے، تو وہ بولتے وقت آئینے میں اپنے منہ کو غور سے دیکھیں کہ کتنی بار جبڑے اوپر نیچے حرکت کرتے ہیں۔

**Syllable Song:**

- Bat has **one syllable** (words of one syllable are **monosyllabic**), clap one time.
- Picnic has **two syllables** (pic / nic), (***disyllabic***) clap 2 times.
- Banana has **three syllables** (ba /nan/a), (***trisyllabic***) clap three time.
- Population has **four syllables** (pop / u / la / tion), (***polysyllabic***) clap 4 times.
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

## Grammar

### Dictionary

A dictionary is an alphabetically ordered reference book on one particular subject or limited group of subjects.

- طلبہ کو بتائیں کہ لغت حروف تہجی کے مطابق ترتیب دی گئی حوالہ جاتی کتاب ہے۔
- انہیں بتائیں کہ ہم ہمیشہ لغت میں الفاظ کو حروف تہجی کی ترتیب میں تلاش کرتے ہیں۔
- طلباء کے لیے لغت میں الفاظ تلاش کریں۔ مثال کے طور پر انہیں لغت کا دیا گیا صفحہ دکھائیں۔ لغت میں اندراج کے لفظ (entry word) اور گائیڈ الفاظ (guide words) کی مثال دکھائیں۔




**Picture Understanding**

- طلبہ کو تصویر کی تفہیم کے تصور کی وضاحت کریں۔ طلباء کو دی گئی تصویری کہانی کی وضاحت کریں۔ سب سے پہلے بچوں کو یہ سکھائیں کہ وہ کیا دیکھتے ہیں۔ یہ تصویر پڑھنے کا پہلا قدم ہے۔ تصویر کی طرف اشارہ کریں اور مختصر سوالات پوچھیں۔

"یہ کیا ہے؟ وہ کیا کر رہے ہیں؟ کیا ہو رہا ہے؟"

- انھیں دعوت دیں کہ تصویر دوبارہ غور سے دیکھیں اور بتائیں کہ وہ مزید کیا تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ دی گئی کہانی کو دیکھیں اور text مکمل کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

Writing

## Elements of a Story

- طلباء سے دی گئی تصویری کہانی بارے درج ذیل سوالات کریں ۔

کہانی کے کرداروں کے نام بتائیں۔ کہانی کا مرکزی کردار کون ہے۔ کہانی کہاں اور کس وقت وقوع پزیر ہوئی۔ کہانی کے واقعات کو کس ترتیب سے بیان کیا گیا۔ کہانی کے مرکزی کردار کو کیا مشکلات پیش آئیں اور اس نے ان کا کیا حل نکالا۔ کہانی سے آپ نے کیا سبق سیکھا۔

اب طلبہ کو کہانی کے عناصر بارے بتائیں۔

- **Setting**

  Setting is basically the 'when and where' of the story. It refers to the physical location and the time period in which the story takes place.

  کہانی کے اس حصہ میں بتایا جاتا ہے کہ کہانی کہاں اور کس وقت وقوع پزیر ہوئی۔

- **Characters**

  Characters are the 'who' of a story plot, responsible for driving the story. Depending on the story's type, characters are usually humans or animals. But when talking about elements of a story for kids, characters may be non-living things, such as toys or books.

  کہانی کے اس حصہ میں کہانی کے کرداروں مرکزی کردار بارے معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔

- **Plot**

  The sequence of events in a story is called a plot. It is the 'what' of the story and consists of an introduction, rising action, falling action, climax, and resolution. In most stories, the plot begins with a problem and leads to a resolution.

  کہانی کے واقعات کو کس ترتیب سے بیان کیا گیا ہے۔ یعنی پہلے کیا ہوا، اس کے بعد اور آخر میں کیا انجام ہوا۔

- **Conflict**

  Every good story requires conflict, which can be referred to as a problem or challenge necessary to drive a story's action. Conflict is the 'why' of the story and lays a foundation for cause-and-effect events.

کہانی کے مرکزی کردار کو کیا مشکلات پیش آئیں اور اس نے ان کا کیا حل نکالا۔

- **Theme**

Theme is the idea, moral, or underlying insight that the plot of the story conveys. It can be referred to as the 'message' of a story. کہانی کے مرکزی خیال بیان بتایا جاتا ہے۔

- طلباء کو کہانی کے اوپر دیے گئے عناصر کی وضاحت کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

**Assessment**

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- طلبہ سے نصابی کتاب میں دی گئی کہانی کے عناصر پوچھیں۔

**Home Work**

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ دی گئی تصویری کہانی کے عناصر گھر پر لکھیں۔

**Glossary**

| New Words | Meanings | New Words | Meanings |
|---|---|---|---|
| celebrate | منانا | sacrifice | قربانی |
| feasting | ضیافت کرنا | willingness | رضامندی |
| partake | حصہ لینا | held | مُنعقد ہونا |
| exchange | تبادلہ کرنا | enthusiasm | جُوش وخروش |

# Lesson 7 — Our Environment

## Student Learning Outcomes (SLOs)

After reading this unit the students will be able to:

- Pronounce the weak form of 'of', 'for', 'or' and 'but' in simple phrases
- Read and use symbols and directions in a picture/story-map
- Take dictation of words studied in class
- Write a short passage, anecdote, fable, etc., for pleasure and creativity

## Theme

**Environmental Education**

## Sub-Theme:

Understanding and Appreciating Natural Environment

## Material Required

Writing Board, Markers, Charts

## Teaching Strategies

Pair and Group Work, Silent Reading

## Introduction:

- طلبہ کی سابقہ واقفیت جاننے کے لیے درج ذیل سوالات پوچھیں۔
- آپ کہاں رہتے ہیں؟ آپ کے گاؤں / شہر / ٹاؤن کا کیا نام ہے؟ آپ کے گاؤں / شہر / ٹاؤن کہاں واقع ہے؟ تصاویر دیکھ کر بتائیے آپ کو ان دونوں میں کیا فرق نظر آ رہا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ یہ ہمارا ماحول ہے۔ ایک تصویر میں ہمیں گاؤں اور دوسری میں شہر کا منظر دکھائی دے رہا ہے، یہ ہمارا ماحول ہے۔ آج ہم ماحول کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔
- درسی کتاب میں موجود سبق کے عنوان کو بلند آواز سے پڑھ کر سبق کا آغاز کریں۔

## Development (Activities):

- پہلے سبق نمونے کے طور پر خود پڑھیں اور چند دوسرے طلبہ سے پڑھوائیں۔

- طلبہ سے ایسے الفاظ کے نیچے نشان لگانے کا کہیں جو ان کو پڑھنے میں دشواری ہو۔
- طلبہ کے سامنے نشان لگے الفاظ کو درست تلفظ کے ساتھ اونچی آواز میں پڑھیے۔ اور انھیں دوہرائی کا کہیں۔
- پڑھائی میں کمزور طلبہ کو زیادہ سے زیادہ پڑھنے کا موقع دیں۔
- اب طلبہ کو تمام سبق خاموشی سے مطالعہ کرنے کا کہیں۔
- جب طلبہ سبق روانی سے پڑھنا شروع کر دیں تو ان کے درمیان مکالمہ کروائیں۔
- طلبہ کی تفہیم جانچنے کے لیے دیئے گئے سوالات پوچھیں۔

**Oral Communication Skills:**

➢ **Weak Forms of 'for, of, or' and 'but'**

- طلبہ کو چند مثالیں دیں جن میں 'for , of, or' and 'but' weak and strong forms of شامل ہوں ۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ وہ پہچان کریں، کس مثال میں 'for, or, of' and 'but' کی آواز مکمل واضح stressed سنائی دیتی ہے اور کس میں غیر واضح unstressed سنائی دیتی ہے۔
- اب انھیں بتائیں کہ جہاں آواز غیر واضح یا Unstressed سنائی دے اسے ہم weak form کہتے ہیں۔
- طلبہ کو weak forms والی مشق پر جانے کو کہیں اور وہاں موجود مثالیں بلند آواز میں پڑھوائیں۔
- جہاں محسوس کریں رہنمائی فرمائیں۔

**Writing**

- کسی ایک عنوان کو طلبہ کے سامنے بورڈ پر لکھیں مثلاً: درخت، اسکول، ہمارا ملک، وغیرہ۔
- طلباء کو کہیں کہ اب اس عنوان کے بارے میں وہ بتائیں جو آپ جانتے ہیں۔ مختلف طلبہ کی طرف سے اس عنوان کے بارے میں کچھ چیدہ چیدہ نکات سامنے آئیں گے، ان نکات کو مائنڈ میپ Mind-Map کی صورت اس عنوان کے اطراف مربع میں لکھیں۔
- طلباء کو مائنڈ میپ Mind-Map کی مہارت سے آگاہ کروائیں کہ Mind-Map ایک لکھائی کو بہتر لکھنے کے لیے کسی عنوان پر جو ذہنی خاکہ یا تصور بنایا جاتا ہے اسے کہتے ہیں.

- مثلاً طلباء کو بتائیں کہ اگر ہم سکول کے بارے میں لکھنا شروع کر رہے ہوں تو ہمارے ذہن میں آتا ہے کہ اول تو ہم اس کا نام لکھیں گے۔ پھر اس کا پتہ کہ یہ کہاں واقع ہے وغیرہ۔
- یہ جو ہمارے ذہن میں خاکہ بن رہا ہے اس کو ہم مائنڈ میپ Mind-Map کہتے ہیں اس کے بعد طلباء کو مجوزہ سبق کی سرگرمی پر لے جائیں اور انہیں دیے گئے مائنڈ میپ Mind-Map کی مدد سے ایک کہانی یا Fable کا کہیں.
- رہنمائی فرمائیں جہاں بچوں کو ضرورت ہو.

## Assessment

- طلباء سے نمبر وار سبق کے الفاظ پڑھنے کو کہیں جو کہ نشان لگوائے گئے تھے۔
- اس کے بعد سبق کے فوراً بعد دیے گئے سوالات کو پوچھیں اور تفہیم کا جائزہ لیں۔
- لکھائی جو کہ طلباء نے کی اس کو چیک کریں اور اصلاح کے لیے مناسب فیڈ بیک دیں۔

## Home Work

- طلباء کو گھر سے ایک عنوان کے بارے میں لکھنے کا کہیں۔ جیسا کہ آپ انہیں علاقے کے مطابق کسی باغ یا مشہور مقام کے بارے میں لکھنے کا کہہ سکتے ہیں جن سے ان کی واقفیت ہو۔

## Glossary

| New words | Meanings | New words | Meanings |
|---|---|---|---|
| surroundings | ارد گرد موجود اشیاء | piled | ڈھیر ہونا |
| environment | ماحول | worried | فکر مند ہوئی |
| garbage | کوڑا کرکٹ | deep breath | گہری سانس |

# Lesson 8

# Whole Duty of Children

## Student Learning Outcomes (SLOs)

- Listen and respond appropriately to the sentences with rising and falling intonation patterns
- Recognize how information is presented in a pie chart and bar graph.
  - Apply while-reading strategies to interact with the text to:
  - locate/scan specific information to answer short questions
- Recognize and use: I, we, you, they, it, etc. as subjective case
  - Me, us, you, them, it, etc. as objective case.
  - Mine, ours, yours, them, etc. as a possessive case of personal pronouns
- List rhyming words and write a poem based on the same central idea.

**Theme:**

**Life Skills**

**Sub-Theme:**

Taking and Handling Responsibilities

**Material Required**

**Textbook, Oxford Junior Dictionary and Marker**

**Teaching Strategies**

Group and Pair Work — گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

**Introduction:**

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرائیں جس نے ہمیں اچھی صحت اور ڈھیر ساری نعمتوں سے نوازا۔

طلبہ سے کہیں کہ:

- نظم کو پڑھیں اور تصویر کو دیکھیں اور بتائیں کہ یہ نظم کس بارے میں ہو سکتی ہے۔
- طلبہ کے جوابات کو سامنے رکھتے ہوئے ان سے چند سوالات یوں کریں کہ طلبہ ذہنی طور پر سبق کے لئے تیار ہو جائیں۔
- اس کے بعد درسی کتب پر موجود نظم کو بلند آواز میں پڑھیں اور طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم اس نظم میں Good Manners کے بارے میں جانیں گے۔

| | Development (Activities): |
|---|---|

- باآواز بلند نظم کو گنگنائیں۔ سُر اور تال کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نظم کو غور سے سُنیں اور ہم قافیہ الفاظ یاد رکھنے کی کوشش کریں۔
- ٹیچر نظم کے اشعار کئی بار دہرائے تاکہ طلبہ سُر اور تال سے لطف اندوز ہو سکیں۔
- جسمانی حرکات و سکنات کے ذریعے اشعار کا مفہوم سمجھانے کی کوشش کریں۔
- آخر میں مختصر تفہیمی سوالات پوچھیں۔۔
- آخر میں طلبہ سے نظم کا مرکزی خیال اخذ کرانے کی کوشش کریں۔

**Comprehension**

- طلبہ کو بتائیں کہ Joining Words ان الفاظ کو کہتے ہیں جو دو الفاظ جملوں یا خیالات میں ربط کے لئے استعمال ہوں۔
- طلبہ سے سبق کی دہرائی کا کہیں اور سبق میں موجود Joining Words کے نیچے لائنز لگائیں۔

## Pie-Chart:

- طلبہ کو دیے ہوئے 'Survey' کی ریڈنگ کا کہیں۔
- جب وہ پڑھ لیں تو ان سے پوچھیں کہ آپ نے اس 'Survey' میں کیا جانا، یا آپ کو اس سے کیا معلومات ملیں۔
- ان معلومات کی وضاحت کریں اور طلبہ کو Pie-Chart دیکھنے کا کہیں۔
- آپ ان معلومات کو Pie-Chart پر بچوں کے سامنے بورڈ پر بنائیں۔
- پر طلبہ کو دیے گئے Pie-Chart اور Bar graph پر دیکھنے کو کہیں اور بتائیں کہ ان میں کیا فرق ہے۔

'A pie chart is used to compare parts of a whole.
A bar graph is used to compare things in different groups.

- اب طلبہ سے سوالات پوچھیں جو Pie-Chart اور Bar graph کے سامنے دیئے گئے ہیں اور بچوں کے جوابات کی اصلاح کرتے ہوئے خالی جگہوں پر لکھیں۔

## Oral Communication

- طلبہ کو چند مثالیں دے کر 'stress, rhythm' اور intonation میں فرق واضح کریں اور نظم پڑھنے کا کہیں۔
- نظم باآواز بلند پڑھوائیں اور مناسب جگہوں پر رہنمائی فرمائیں۔
- اس کے ساتھ نیچے دی گئی سرگرمی کے ذریعے
- Dialogue سے پہلے دی گئی situation کو پڑھیں۔ اس کے بعد dialogue کو پڑھیں تاکہ اس کے مطابق بچوں کو کردار دیئے جائیں۔
- بچوں کو کردار دیں اور ایک ایسی جگہ مختص کریں جہاں role-play کروایا جاسکے۔
- اس جگہ کو dialogue کے مطابق سیٹ کرلیں اور بچوں کو role-play کرنے کا کہیں۔
- اس طرح کوشش کریں کہ تمام بچے باری باری اس سرگرمی کا حصہ بن جائیں۔
- شرمیلے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور آگے آنے پر ان کو شاباش دیں۔

## Grammar

➢ **Pronouns (Substitution Words)**

- طلبہ کی سابقہ واقفیت کو جانچنے کے لیے pronouns کے بارے میں بات چیت کریں۔ مثلاً: طلبہ سے کہیں کہ اگر میں کہوں احمد اچھا لڑکا ہے۔ احمد چھٹی میں پڑھتا ہے۔ احمد روزانہ اسکول جاتا ہے وغیرہ۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ کیا بار بار احمد کہنا ان جملوں میں مناسب ہے۔ اگر جواب میں pronouns کی وضاحت نہ ہو پائے تو بچوں کو وضاحت کریں۔
- طلبہ کو poem پڑھنے کا کہیں اور قدرے نمایاں الفاظ پر خصوصی توجہ دینے کا کہیں۔
- طلبہ سے نیچے دیئے گئے سوالات پوچھیں۔
- اس کے بعد اب طلبہ کو باری باری pronouns کی اقسام کے بارے میں بتائیں اور ہر قسم کے لیے دی گئی سرگرمی کروائیں

## Writing

- طلبہ سے کہیں کہ سابقہ سبق میں جو لکھنے کی مہارت سیکھی ہے اس کو ذہن میں لائیں۔

| |
|---|
| • طلبہ کو بتائیں کہ 'A visit to Hill Station' کے عنوان پر چند سطریں تحریر کریں۔ طلبہ کی مناسب رہنمائی کریں۔ |

| **Assessment** | |
|---|---|

| |
|---|
| • طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔ |
| • جملوں میں کی شناخت (Naming words) Pronoun کی شناخت کروائیں۔ |

| **Home Work** | |
|---|---|

| |
|---|
| • طلبہ سے کہیں کہ وہ (Naming words) Pronoun کو استعمال کرتے ہوئے گھر سے 'A visit to Hill Station' بارے تین جملے لکھ کر لائیں۔ |

| Lesson 9 | Women as Role Models |
|---|---|
| 🕮 | **Student Learning Outcomes (SLOs)** |

- Identify and use previously learned and more formulaic expressions of greetings, routine social courtesies, and some communicative functions according to the age, gender, and status of the addressee
- Identify and make simple sentences with the verbs be, do, and have as main and helping verbs
- Write guided replies accepting the invitation

**Theme:**

**Role Model**

**Sub-Theme:**

Women as Role Models

**Material Required**

**Textbook, Pictures and Markers**

**Teaching Strategies**

Group and pair work — گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

**Introduction:**

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرائیں جس نے ہمیں اچھی صحت اور ڈھیر ساری نعمتوں سے نوازا۔
- طلبہ کی سابقہ واقفیت اور mind-mapping کے لیے دیے گئے سوالات کریں۔
- سبق کا عنوان پڑھیں اور اس میں موجود تصاویر دیکھیں۔ بتائیں کہ یہ سبق کس بارے میں ہو سکتا ہے !
- اس کے بعد طلبہ سے کہیں کہ Getting Started کے حاشیے میں دیا گیا پیراگراف پڑھیں۔ ساتھ ہی دی گئی تصاویر بھی دیکھیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ کیا انہوں نے کسی لیڈی ڈاکٹر، لیڈی ٹیچر یا لیڈی پولیس کو دیکھا ہے ؟
- اُن کے جوابات کی وضاحت کرتے ہوئے انہیں بتائیں کہ آج اس سبق میں ہم ایسی ہی چند خواتین کے بارے میں پڑھیں گے جن کی خدمات سے ملک کا نام روشن ہوا ہے۔
- اب طلبہ سے Pre-reading کے سوالات پوچھیں اور سبق کا آغاز کریں۔

| Development (Activities): | |
|---|---|

- پہلے سبق کو نمونہ کے طور پر پڑھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ سبق سنیں اور الفاظ پر انگلی پھیریں۔
- جن الفاظ کو اس سے پہلے پڑھنا نہیں جانتے تھے ان کے نیچے حاشیے پھیرائیں۔
- حاشیے لگے الفاظ کو دوبارہ دہرائیں اور طلبہ کو دہرائی کرنے کا کہیں۔
- جب طلبہ دہرائی کر لیں تو انہیں پورا سبق دوبارہ پڑھنے کا کہیں۔ ساتھ ہی انہیں بتائیں کہ اگر کوئی لفظ اب بھی پڑھنے میں دشواری محسوس ہو تو اس کے گرد دائرہ لگا دیں۔
- دائرہ لگے الفاظ کی ایک دفعہ پھر دہرائی کریں اور آخر میں تفہیم کے لیے دیے گئے سوالات پوچھیں۔

**Comprehension**

- طلبہ اپنے گروپوں میں کام کرتے رہیں۔
- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔ بچوں کے جوابات تختۂ تحریر پر لکھیں۔
- بچوں کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں اور کئی بچوں سے جوابات پوچھیں۔

**Oral Communication**

- طلبہ کو چند جوڑوں (groups) میں تقسیم کریں۔
- دیے ہوئے dialogue کی ایک دفعہ demonstration کریں۔ طلبہ کو دکھائیں کہ dialogue میں کیا الفاظ ہیں اور انہیں کیسے پڑھا جاتا ہے۔
- Demonstration کے لئے مناسب ہے کہ آپ اپنے دائیں طرف کو نمرہ (Nimra) اور بائیں طرف کو سمیر (Sameer) کا نام دیں۔ جب نمرہ (Nimra) کا جملہ پڑھیں تو دایاں ہاتھ بلند کریں تا کہ پتہ چلے کہ نمرہ (Nimra) بات کر رہی ہے۔ اسی طرح بائیں ہاتھ کے ساتھ بھی یہی عمل دہرائیں۔
- اب طلبہ کو کہیں کہ باری باری اس dialogue کو سب کے سامنے پیش کریں۔

## Grammar

- طلبہ کے سامنے چند جملے بورڈ پر لکھیں۔ مثلاً:

Ali is playing hockey.

My father is a doctor. وغیرہ۔

جن جملوں میں verb دونوں حالتوں میں موجود ہو main verb کے طور پر اور helping verb کے طور پر بھی۔

- طلبہ کو کہیں کہ ان جملوں میں verb تلاش کریں۔ چونکہ طلبہ اس سے پہلے verb کے بارے میں پڑھ چکے ہوں گے تو وہ یقیناً verb کے بارے میں بتا دیں گے۔
- اب آپ نے helping verb کے نیچے نشان لگا کر اس کی وضاحت کرنی ہے۔
- اسی طرح ہو سکتا ہے کہ بچوں کو stative verb یا is, am, are اور has/have کے main verb کے طور پر استعمال کا علم نہ ہو، تو آپ ان کو وضاحت دیں کہ do, be اور have main verb اور helping verb دونوں حالتوں میں استعمال ہوتے ہیں۔
- درسی کتب میں موجود سرگرمی پر آئیں۔ طلبہ کو یہاں موجود مثالوں کے ذریعے مزید واضح کریں کہ do, be اور have کیا ہوتے ہیں اور یہ کس طرح جملوں میں helping verb اور main verb کے طور پر استعمال ہوتے ہیں

## Writing

- طلبہ کو ماڈل کے طور پر دیا گیا invitation بتائیں اور پڑھنے کا کہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ invitation جب ہم کسی کو بلاتے ہیں یا مدعو کرتے ہیں تو لکھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ invitation لکھتے ہوئے ہم اکثر دوسرے کے حالات کے بارے میں مختصراً پوچھتے ہیں۔ اس کے بعد پھر بلانے کی وجہ اور جس چیز کے لیے بلا رہے ہیں کے بارے میں لکھتے ہیں۔
- اس کے بعد طلبہ کو کہیں کہ وہ نیچے دیا گیا invitation لکھیں۔
- اس دوران طلبہ کی vocabulary میں مدد کریں۔

## Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- جملوں میں helping verb اور main verb کی شناخت کروائیں۔

## Home Work

- طلبہ کو سبق پڑھنے کی تلقین کریں اور موجود مشکل الفاظ جن کے نیچے حاشیے لگائے تھے لکھ کر لانے کا کہیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ ایک invitation لکھ کر لائیں جس میں وہ اپنے بھائی کی شادی پر اپنے دوست کو مدعو کرتے ہیں۔

## Glossary

| New Words | Meanings | New Words | Meanings | New Words | Meanings |
|---|---|---|---|---|---|
| inspire | متاثر | untiring | ان تھک | prestigious | اعلیٰ درجے کا |
| history | تاریخ | leprosy | جُزام | gem | جُھومر |
| keen interest | گہری دل چسپی | rescue | مدد | cardiac arrest | حرکت قلب بند ہونا |
| Pakistan Movement | تحریک پاکستان | numerous | متعدد | summits | چوٹیاں |
| | | mountaineering | کوہ پیمائی | | |

# Lesson 10 — A Fit and Healthy Life

## Student Learning Outcomes (SLOs)

After reading this unit the students will be able to:

- Use appropriate expressions in conversation to express likes and dislikes
- Identify and utilize effective study skills e.g., brainstorming for ideas, using illustrations, and note-taking
- Illustrate the use and structure of previously learned tenses in their speech and writing
- Demonstrate the use of conventions of letter writing

## Theme

**Health, Personal Safety and Drug Education**

## Sub-Theme:

**Healthy Eating Habits**

## Material Required

Textbook, Markers, Charts

## Teaching Strategies

pair and group work, silent reading

## Introduction:

- درسی کتاب Getting started میں دیا گیا سوال پوچھ کر سبق کا آغاز کریں۔
- طلبہ کی سابقہ واقفیت جاننے کے لیے Pre-reading میں دیے گئے سوالات پوچھیں۔

## Development (Activities):

- پہلا پیرا گراف نمونے کے طور پر خود پڑھیں اور چند دوسرے طلبہ سے پڑھوائیں۔
- پڑھائی میں کمزور طلبہ کو زیادہ سے زیادہ پڑھنے کا موقع دیں۔
- اب طلبہ کو تمام سبق خاموشی سے مطالعہ کرنے کا کہیں۔
- طلبہ کی تفہیم جانچنے کے لیے دیئے گئے سوالات پوچھیں۔

1.What is personal hygiene? 2.Who was going to visit Lubna's school?


3.What measures were taken before the doctor's visit? 4.What is physical distancing?

## ➢ Taking Notes

- طلبہ کو بتائیں کہ کسی بھی متن کو سمجھنے کی لیے اہم نکات کو لکھ کر یاد رکھنا اہم حکمت عملی ہے۔
- ٹیچر درج ذیل متن تختہ تحریر پر لکھے۔

Danish was a good boy. He read in grade 4. He worked hard in his studies. His parents helped him to work hard for the final term exam. He worked in hot weather day and night. Sometimes his clothes got wet with sweating. He wiped his forehead with his sleeves. He did not waste his time and studied regularly. He appeared in the final exam well-prepared. He stood first in the final term exam. He was very glad and wrote a letter to his parents about his success.

- طلبہ کو بتائیں کہ دیے گئے متن کے اہم نکات لکھنے اور سمجھنے کے لیے درج ذیل طریقہ کار ذہن نشین کر لیں۔




## Oral Communication Skills:

- درسی کتاب میں دیے گئے ڈائیلاگ کی جماعت میں عملی مشق Role Play کرائیں ۔

## Grammar

- گزشتہ جماعت میں پڑھائے گئے Tenses کا اعادہ کرائیں۔
- طلبہ کو مزید بتائیں کہ tense کی مناسبت سے action words کی پہلی یا دوسری حالت کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

I **get** up early in the morning every day.     Yesterday, I **got** late.

- ٹیچر کاغذ کے ٹکڑوں پر مختلف action words لکھ کر ایک ٹوکری میں رکھے۔
- اب ایک رضاکار طالب علم کو بلا کر کہیں کہ وہ ان میں سے ایک کاغذ اُٹھائے اور لکھا ہوا action word پکارے۔
- بقیہ طلبہ اس action word کی second form بتانے کی کوشش کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی مدد و رہنمائی کریں۔

## Writing

- طلبہ کو خطوط نویسی کے مختلف نمونے دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ خطوط نویسی رابطے کا ایک اہم ذریعہ رہا ہے اور آج بھی جدید شکل e-mail میں جاری ہے۔
- طلبہ کو درج ذیل Template کی مدد سے خط کے مختلف اجزاء سے روشناس کرائیں۔

Every letter has several parts. Missing of any part affects the quality of the letter.
The parts of a letter are as under:

(i) address of the writer with date of writing
(ii) salutation
(iii) body of the letter
(iv) closing of the letter
(v) signature
(vi) address on the envelope

**Types of Letters**

**1. Informal letters:**
They are written to relatives and friends in an easy style.

**2. Formal letter:**
**They are official letters, written for different purposes, for example. to apply for a job etc.**

The following chart shows proper salutations and closing of the letters.

| Informal Letters | Address | Salutations | closes |
|---|---|---|---|
| | Relatives<br>Friends | My dear...(relation)<br>My dear... (name)<br>Dear Mr./Mrs./ Miss. | your loving son etc.<br>your sincerely,<br>yours truly,<br>your son/daughter |
| Formal letters | Strangers<br>Officers<br>Manager<br>Principal,<br>Headmaster,<br>Headmistress, | Sir/ Madam,<br>Dear Sir/ Madam<br>Dear Sir, | yours truly,<br>yours obediently,<br>yours faithfully, |

- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے مزید وضاحت کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی لکھائی کی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی مدد و رہنمائی کریں۔

## Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات اور **MCQs** پوچھیں۔
- الفاظ لکھ کر طلبہ سے **Syllables** کی تقسیم کروائیں۔
- Fill in the blanks کے ذریعے a, an or the کا استعمال کرائیں۔

**Home Work**

- طلبہ سے کہیں کہ substitution words/Describing کا استعمال کر کے اپنے والد/والدہ/دادا/دادی کے بارے میں چند جملے لکھیں۔

**Glossary**

| New Words | Meanings | New Words | Meanings | New Words | Meanings |
|---|---|---|---|---|---|
| awareness | آگاہی | sneezing | چھینکنا | hazardous | انتہائی خطرناک |
| contagious | چھُوت کی بیماری | frequently | باقاعدگی سے | self-medication | بغیر ڈاکٹر کے مشورے دوائی کا استعمال |
| hygiene | جسمانی صفائی | safeguard | حفاظت | pills | دوا کی گولی |
| impatiently | بے صبری سے | catching | لگنا | doctor's advice | ڈاکٹر کے مشورے سے |
| | | junk food | غیر متوازن غذا | | |

| Lesson 11 | Family |
|---|---|

## Student Learning Outcomes (SLOs)

- Demonstrate conventions and dynamics of oral interactions in a group to express joy, sadness, and anger
- Recite poems with actions.
- Identify and practice making sentences to show instructions, commands, requests, and strong feelings.
- Write short texts in speech bubbles and cartoon strips using vocabulary, tone, and style of expression appropriate to the communicative purpose and context.

**Theme:**

Participatory Citizenship

**Sub-Theme:**

Being a Responsible and Helpful Citizen

## Material Required

Textbook, Charts and Markers

## Teaching Strategies

Group and Pair Workm TPR, Roleplay, Drill and Practice گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

**Introduction:**

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرائیں جس نے ہمیں ماں، باپ، بہن، بھائی اور بہت سارے دوست دیے۔
- سبق کی تیاری کے لئے چند آسان Pre -reading کے سوالات پوچھیں۔ مثلاً How many siblings do you have ?

  Which class your elder/younger sister/brother read in?
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم Family بارے میں نظم پڑھیں گے۔

## Development (Activities):

- با آواز بلند نظم کو گنگنائیں۔ سُر اور تال کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نظم کو غور سے سُنیں اور ہم قافیہ الفاظ یاد رکھنے کی کوشش کریں۔

- ٹیچر نظم کے اشعار کئی بار دہرائے تاکہ طلبہ سُر اور تال سے لطف اندوز ہو سکیں۔
- جسمانی حرکات و سکنات کے ذریعے اشعار کا مفہوم سمجھانے کی کوشش کریں۔
- کسی رضاکار طالب علم کو نظم سُنانے کی دعوت دیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ رضاکار طالب علم کے پیچھے نظم کو اشعار دُہراتے جائیں۔
- آخر میں سب طلبہ نظم کو آواز ملا کر اکٹھے (Chorus) گُنگنائیں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔
- آخر میں طلبہ سے نظم کا مرکزی خیال اخذ کرانے کی کوشش کریں۔

**Comprehension**

- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔
- طلبہ کو پورا موقع دیں اور جوابات حاصل کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔
- غلط جواب دینے والے طلبہ کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں بلکہ کئی طلبہ سے پوچھ کر آخر میں صحیح جواب confirm کریں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب اچھی طرح سوچ سمجھ کر دیں۔

**Oral Communication**

➢ **Dialogue**

- دو رضاکار طلبہ کو بُلا کر درسی کتاب میں دیا گیا ڈائیلاگ Role- play کرائیں۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ وہ جوڑوں کی شکل میں ڈائیلاگ کی مشق کریں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔

➢ **Family Tree**

- طلبہ کو چار گروہوں میں تقسیم کریں۔ ہر گروہ میں ایک گروپ لیڈر مقرّر کریں۔
- ہر گروپ لیڈر کو کہیں کہ گروہ میں موجود طلبہ کی مدد سے اپنی Family Tree ترتیب دیں۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔

## Grammar

- **Types of sentences**

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے **Simple Sentences** کا اعادہ کرائیں۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ میں (ٹیچر) چند سادہ جملے بولوں گا۔ آپ ان کے مطابق عمل کرنا ہے یا جملے میں پوچھے گئے سوال کا جواب دینا ہے۔
- ٹیچر چند سادہ جملے بولے اور تختہ تحریر پر نوٹ بھی کرے۔ مثلاً

Open your books. What is my name? Do you like mangoes?

Wow, it tastes great! I love my students. Are you happy? Close your eyes.

Oh, I hurt my finger!

- اب طلبہ سے کہیں کہ تختہ تحریر پر درج جملوں میں فرق جاننے کی کوشش کریں۔
- طلبہ کو پورا موقع دیں اور غلط جواب دینے والے طلبہ کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں
- درسی کتاب میں دی گئی مثالوں سے طلبہ کو Types of Sentences کی وضاحت کریں۔
- ٹیچر سبق کے آخر میں دی گئی مشق حل کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرے۔

## Writing

- طلبہ کو گذشتہ اسباق میں پڑھائے گئے **Describing Words and Tenses** کا اعادہ کرائیں۔
- طلبہ کو کہیں کہ جوڑوں کی شکل میں درسی کتاب میں دی گئی تصویر پر بات چیت کریں۔
- چند رضاکار طلبہ کو دعوت دیں کہ وہ درسی کتاب میں دی گئی تصویر بارے اپنے خیالات کا اظہار کریں۔
- درسی کتاب میں دی گئی لکھائی کی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

## Assessment

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔
- جملے لکھ کر طلبہ سے Types of Sentences کی شناخت کروائیں۔

- دی گئی نظم کا مفہوم اخذ کرائیں۔

**Home Work**

- طلبہ سے کہیں کہ اپنی Family Tree کا چارٹ تیار کر کے لائیں۔

**Glossary**

| New Words | Meanings | New Words | Meanings | New Words | Meanings |
|---|---|---|---|---|---|
| family | خاندان | grandmother | نانی / دادی | family | خاندان |
| special | اہم / خاص | none | کوئی نہیں | special | اہم / خاص |
| together | اکٹھے | apart | الگ | together | اکٹھے |
| grandfather | نانا / دادا | Map | نقشہ | | |

یہ فرہنگ اساتذہ کرام کی رہنمائی کے لیے ہے۔ طلبہ کے الفاظ کی معانی نہ بتائیں بلکہ انھیں ڈکشنری میں الفاظ تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔

| Lesson 12 | The Story of the Pencil |
|---|---|

## Student Learning Outcomes (SLOs)

- Practice and use appropriate tone and non-verbal cues for different communicative functions.
- Retell a story in a few simple sentences.
- Respond to, and ask more wh-questions.
- Revise written work for: subject-verb agreement.

**Theme:**

**Peaceful Co-existence**

**Sub-Theme:**

**Global Citizenship**

## Material Required

**Textbook, Charts, Oxford Junior Dictionary and Markers**

## Teaching Strategies

Group and Pair Work

گروہوں اور جوڑوں کی شکل میں کام کروانا

**Introduction:**

- طلبہ سے سلام دعا کریں۔ ان سے موسم اور صحت کا حال دریافت کریں۔
- طلبہ کی سابقہ واقفیت جاننے کے لیے آسان سوال کریں۔

مثلاً : دی گئی تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟

ان سے پوچھیں کہ سبق کا عنوان دیکھ کر اندازہ لگائیں کہ سبق کس چیز کے بارے میں ہے۔

- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم 'ایک پنسل کی کہانی' کے بارے میں مطالعہ کریں گے۔

## Development (Activities):

- باآواز بلند نمونے کی پڑھائی کریں۔ رفتار درمیانی رکھیں۔ تلفظ اور لہجے کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ متن غور سے سُنیں اور پڑھے جانے والے متن پر اُنگلی پھیرتے جائیں۔
- ٹیچر اگر ضرورت محسوس کرے تو متن کو کئی بار دُہرائے۔
- دوران سبق مختصر تفہیمی سوالات بھی پوچھتے جائیں۔ مثلاً :

Who was writing a letter?

Which things do make us a better person?

- اب طلبہ کے گروپ بنائیں اور ہر گروپ میں ایک ایسا گروپ لیڈر مقرر کریں جو پڑھائی میں قدرے بہتر ہو۔
- ہر گروپ لیڈر اپنے گروپ میں دیے گئے متن کے نمونے کی پڑھائی کرے۔
- ٹیچر گھوم پھر کر رہ نمائی اور مدد کرے۔
- چونکہ اکثر بچے کمزور ہوتے ہیں اس لیے ہر بچے کو گروپوں میں پڑھائی کا موقع دیں۔
- آخر میں مشکل الفاظ کی وضاحت کریں۔ لغت سے مدد لے سکتے ہیں۔

## Comprehension

- طلبہ اپنے گروپوں میں کام کرتے رہیں۔
- تفہیمی سوالات پڑھ کر بچوں سے جوابات اخذ کروائیں۔ بچوں کے جوابات تختۂ تحریر پر لکھیں۔
- بچوں کی کبھی حوصلہ شکنی نہ کریں اور کئی بچوں سے جوابات پوچھیں۔
- طلبہ کی رہ نمائی کریں اور بتائیں کہ ہر سوال کا جواب متن میں براہ راست نہیں مل سکتا۔ بلکہ متن پر غور کرنے سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔
- کالم Match کرنے کی سرگرمی میں طلباء کی مدد کریں۔
- طلباء کو بتائیں کہ کہانی کو غور سے پڑھیں اور پانچ خوبیاں لکھیں جو پنسل ہمیں سکھاتی ہے۔
- طلباء سے دی گئی تصویری کہانی کو دیکھنے کو کہیں۔ ان سے کہانی کے متن کو پڑھنے کو کہیں۔ کہانی کو سمجھنے میں ان کی مدد کریں۔ اب طلباء کو اپنے الفاظ میں کہانی سنائیں۔
- طلباء کو تشبیہ کی تعریف بتائیں۔ انہیں تشبیہ کی مثالیں بتائیں۔

A simile is a figurative language that compares two *things using the word* ***like*** *or* ***as***.

Examples:

The house was black like night.

Her eyes shone as brightly as the stars.

The car was as fast as a cheetah.

- آخر میں طلبہ کو درسی کتاب میں دی گئی سرگرمیوں کے کرانے میں رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

## Oral Communication

- طلبہ کو Non-verbal cues کے تصور کی وضاحت کریں۔ طلباء کو بتائیں کہ Non-verbal cues ایسے عناصر ہیں جو زبان کے استعمال کے بغیر بات چیت کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

**The different types of nonverbal communication or body language include:**
Facial expressions. (The human face is extremely expressive, able to convey countless emotions without saying a word).

Body movement and posture

Gestures

Eye contact

Touch

Voice

- طلبہ سے کہیں کہ وہ کتاب میں موجود non-verbal cues کو پڑھیں اور ان کی تصاویر دیکھیں۔
- ان سے کہیں کہ دیے گئے expressions کو tone کے ساتھ پڑھیں اور expressions پڑھنے میں ان کی مدد کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ tone کیا ہوتی ہیں؟
- آخر میں طلبہ کو درسی کتاب میں دی گئی سرگرمیوں کے کرانے میں رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

## Grammar

- طلبہ کو گذشتہ جماعت میں پڑھائے گئے Wh-words کے concept کا اعادہ کرائیں۔
- Wh-words کی وضاحت کریں اور مثالیں دیں. ۔

We use question words to ask certain types of questions.

We often refer to these words as ***WH** words* because they include the letters ***WH*** (for example **Why, How**).

### Uses of Wh Questions

"**What**" is used for asking about something. **What's** your name?

"**When**" is used for asking about a time. **When** do you go to school?

| | |
|---|---|
| "**Where**" is used for asking about a place. | **Where** is the park? |
| "**Why**" is used for asking about a reason. | **Why** are you learning English? |
| "**Who**" is used for asking about a person. | **Who** is your teacher? |

- طلبہ کو درسی کتاب میں دی گئی سرگرمیوں کے کرانے میں رہنمائی و مدد فراہم کریں۔

**Writing**

- طلبہ کو بتائیں کہ subject-verb agreement کیا ہوتا ہے؟ طلباء کی concept اچھی طرح سمجھنے میں مدد کریں۔

## Subject-Verb Agreement

All sentences have a Subject and a Verb. Subject –Verb agreement refers to the rule in English that a Verb must always agree with its Subject.

- **When the Subject is singular, the Verb is singular.**
  Examples:
  ***She is*** *a police officer.*
  *That **boy reads** well.*

- **When the Subject is plural, the Verb is plural.**
  Examples:
  ***They are*** *police officers.*
  *Those **boys read** well.*
  *Most **people like** chocolates.*

- **When two or more singular Subjects are joined by 'and', the Verb is plural.**

  ***Ali and Saad are*** *police officers.*
  ***Sara, Iram, and Maria read*** *well.*

- درسی کتاب میں دی گئی سرگرمی کرانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

**Assessment**

- طلبہ سے درسی کتاب میں دیے گئے تفہیمی سوالات پوچھیں۔

- الفاظ پُکار کر طلبہ سے simile کی شناخت کروائیں۔

**Home Work**

- طلبہ سے کہیں کہ وہ subject-verb agreement کے اصول پر عمل کرتے ہوئے گھر سے تین جملے لکھ کرلائیں۔

**Glossary**

| New Words | Meanings | New Words | Meanings |
|---|---|---|---|
| intrigued | مُتوجہ ہونا | exterior | شخصیت کا ظاہری رُخ |
| hang on to | جُڑے رہنا | graphite | پینسل کا سکہ / دھات کا نام |
| capable | قابل ہونا | conscious | شعور |
| sorrow | غم | suffer | تکلیف میں مُبتلا ہونا |
| necessarily | ضروری طور پر | mark | نقش |

# قومی ترانہ

پاک سَر زمین شاد بَاد ‏ ‏ کِشورِ حسین شاد بَاد
تُو نِشانِ عزّمِ عالِی شان ‏ ‏ اَرضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد بَاد

پاک سَر زمین کا نِظام ‏ ‏ قُوّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم، مُلک، سَلطنت ‏ ‏ پائِندہ تابِندہ باد
شاد بَاد منزلِ مراد

پَرچَم ستارہ و ہلال ‏ ‏ رَہبرِ تَرقّی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال ‏ ‏ جانِ اِستقبال
سَایۂ خُدائے ذُوالجلال